# آن لائن کاروبار

## ONLINE BUSINESS



FIRST
ایڈیشن
EDITION

انٹرنیٹ سے پیسہ کمانے کے آسان اور عملی طریقے

میں 5 سالوں سے انٹرنیٹ سے کیسے کما رہا ہوں

فری لانسنگ، ای کامرس، افیلیٹ مارکیٹنگ، کونٹینٹ رائٹنگ اور ڈیجیٹل کاروبار کی مکمل رہنمائی

تحریر: عاصم سفیر

# حقوقِ اشاعت

© 2026 عاصم سفیر۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

اس کتاب کا تمام تحریری مواد مصنف کی اپنی کاوش اور تجربات پر مبنی ہے۔ مصنف کی تحریری اجازت کے بغیر اس کتاب کو مکمل یا جزوی طور پر نقل کرنا، دوبارہ شائع کرنا یا تجارتی مقاصد کے لیے استعمال کرنا منع ہے۔

**مصنف:** عاصم سفیر

**کتاب:** آن لائن کاروبار — Online Business

**زبان:** اردو

**اشاعت:** پہلا ایڈیشن، 2026

# انتساب

یہ کتاب ان تمام نوجوانوں کے نام جو اپنی محنت، قابلیت اور مستقل مزاجی کے ذریعے اپنی زندگی میں کچھ بہتر کرنا چاہتے ہیں۔

خصوصاً ان لوگوں کے لیے جو محدود وسائل کے باوجود بڑے خواب دیکھتے ہیں اور ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

# مصنف کی طرف سے چند الفاظ

الحمدللہ !

یہ کتاب میرے انٹرنیٹ پر کام کرنے کے تجربات، مشاہدات اور سیکھے ہوئے طریقوں کا ایک مجموعہ ہے۔

میری کوشش ہے کہ آن لائن کاروبار اور انٹرنیٹ سے آمدن حاصل کرنے کے حقیقی طریقوں کو آسان اردو زبان میں پیش کیا جائے تاکہ نئے لوگ بھی ان شعبوں کو سمجھ سکیں۔

میرا مقصد صرف معلومات فراہم کرنا نہیں بلکہ قارئین کو ایک ایسا راستہ دکھانا ہے جس پر چل کر وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنا سکیں۔

یاد رکھیے، کامیابی کا کوئی مختصر راستہ نہیں ہوتا۔ مستقل محنت، سیکھنے کا جذبہ اور وقت کی پابندی ہی ترقی کی بنیاد ہیں۔

عاصم سفیر

# تعارف

میرا نام عاصم سفیر ہے اور میرا تعلق آزاد کشمیر، ضلع مظفرآباد سے ہے۔ میں گزشتہ پانچ سال سے انٹرنیٹ پر مختلف شعبوں میں کام کر رہا ہوں۔

اس دوران میں نے فری لانسنگ، کونٹینٹ رائٹنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور آن لائن کاروبار کے مختلف طریقوں کو سمجھا اور ان پر کام کیا۔

اسی تجربے کی بنیاد پر میں نے فیصلہ کیا کہ جو معلومات اور طریقے میں نے سیکھے ہیں، انہیں ایک کتاب کی صورت میں لوگوں تک پہنچایا جائے۔

آج سوشل میڈیا پر آن لائن کمائی کے متعلق بے شمار دعوے کیے جاتے ہیں، لیکن اس کتاب میں میری کوشش ہے کہ قارئین کو کام کی نوعیت، ضروری مہارتوں، مواقع اور مشکلات کے بارے میں آسان الفاظ میں آگاہ کیا جائے۔

امید ہے کہ یہ کتاب آپ کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

# فہرستِ مضامین

حقوقِ اشاعت ..... 2
انتساب ..... 3
مصنف کی طرف سے چند الفاظ ..... 4
تعارف ..... 5

## حصہ اول: فری لانسنگ

1. فری لانسنگ کیا ہے؟ ..... 9
2. فری لانسنگ کے فوائد ..... 10
3. فری لانسنگ میں کچھ مسائل ..... 12
4. پاکستان سے بیرون ممالک کمائی ..... 14
5. فری لانسرز پیسے کس طرح کماتے ہیں؟ ..... 16
6. فری لانسنگ میں کتنے پیسے؟ ..... 18
7. ادائیگیوں کے مسائل اور آگے کا نقشہ ..... 20

## حصہ دوم: افیلیٹ مارکیٹنگ

8. افیلیٹ مارکیٹنگ کیا ہے؟ ..... 22
9. افیلیٹ ویب سائٹس: ڈیجی سٹور، ای بے ..... 24

10. کلک بینک اور ایمزون افیلیٹ ..... 26
11. دراز افیلیٹ ..... 28

## حصہ سوم: کونٹینٹ رائٹنگ

12. کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے؟ ..... 30
13. کونٹینٹ رائٹر کیسے بنیں؟ ..... 31
14. کونٹینٹ رائٹنگ کی بنیادی ضروریات ..... 33
15. کونٹینٹ رائٹنگ کیسے کریں؟ ..... 35

## اختتامی حصہ

کتاب کا خلاصہ ..... 36
مصنف کا تعارف و رابطہ ..... 37

حصہ اول

# فری لانسنگ

فری لانسنگ کیا ہے؟
فری لانسنگ کے فوائد
فری لانسنگ میں کچھ مسائل
پاکستان سے بیرون ممالک کمائی
فری لانسرز پیسے کس طرح کماتے ہیں؟
فری لانسنگ میں کتنے پیسے؟
ادائیگیوں کے مسائل اور آگے کا نقشہ

باب نمبر 1

# فری لانسنگ کیا ہے، اور اس کے مختلف طریقہ کار!

ٹیکنالوجی کی زبان میں فری لانسنگ سے مراد انٹرنیٹ پر کسی بھی ملک میں موجود ایک فرد یا کمپنی کے لیے کام کے عوض پیسے وصول کرنا ہے، آج کی کاروباری دنیا میں فری لانسنگ کا بہت اہم کردار ہے کیونکہ آج کل لوگ اپنے کاروبار کو برقرار رکھنے اور بڑھانے کے لیے فری لانسرز پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں، فری لانسنگ پوری دنیا میں انتہائی مقبول ہو رہی ہے جو لوگ اس نئے کام کے طریقے سے واقف نہیں ہیں وہ پوچھتے ہیں کہ فری لانسنگ کیا ہے؟ آئیے اس پر تفصیل سے بات کرتے ہیں

فری لانسرز ایسے لوگ ہوتے ہیں جو خود اپنی ملازمت کرتے ہیں وہ کسی دوسری کمپنیوں لیے 5 سے 9 تک، اور پیر سے ہفتہ تک کام نہیں کرتے، وہ موجودہ عمومی ہجوم سے مختلف ہیں فری لانسرز کبھی بھی صرف ایک کام پر قائم نہیں رہتے، وہ کنٹریکٹ پر نوکریاں تلاش کرتے ہیں، کلائنٹ کو ان کی خدمات حاصل کرنے پر راضی کرتے ہیں اور ایک بار جب وہ کام کر لیتے ہیں تو انہیں تنخواہ مل جاتی ہے اور وہ اگلی کنٹریکٹ والی نوکری میں چلے جاتے ہیں، ایک فری لانسر متعدد گاہکوں کو خدمات پیش کرتا ہے، فری لانسر اپنا باس خود ہوتا ہے ایک فری لانسر اپنا سروس مینیو، اور اُجرت خود طے کرتا ہے اور اپنی مرضی کے کلائنٹ کی مارکیٹ کو نشانہ بناتا ہے۔

باب نمبر 2

# فری لانسنگ کے فوائد!

یہ صرف ایک افسانہ ہے کہ ایک فری لانسر سے مراد وہ لوگ ہیں جو مفت میں کام کرتے ہیں، بہت سے معاملات میں فری لانسرز اپنے دفتر کے بیٹھ کر کام کرنے والوں سے زیادہ کماتے ہیں۔ فری لانسرز اپنے اوقات مقرر کرنے کے لیے آزاد ہوتے ہیں وہ اپنی پسند کے منصوبوں پر کل وقتی یا جز وقتی کام کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں، انہیں کوئی بندش نہیں ہوتی فری لانسرز آزاد ٹھیکیداروں کی طرح کام کرتے ہیں

فری لانسرز کے لیے کام کا تسلسل مختلف ہو سکتا ہے کچھ فری لانسر ایک ہی کلائنٹس کے ساتھ کئی سالوں سے کام کر سکتے ہیں اور کچھ صرف ایک پروجیکٹ کے لیے فری لانسنگ کر سکتے ہیں فری لانسنگ کی دنیا میں ایک ایسی کمیونٹی بنانا آسان ہے جو پروفیشنل نیٹ ورک سے کہیں زیادہ ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں فری لانسرز اپنے علم، وسائل اور حوصلہ افزائی دوسرے فری لانسرز کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں، اور اپنے کام کے عوض ماہانہ لاکھوں، کروڑوں روپے کما سکتے ہیں

## فری لانسنگ کے فوائد!

فری لانسنگ کو بہت جلد شروع کیا جا سکتا ہے، اگر آپ پیش کرنے کیلئے اپنی مہارت سے آگاہ ہیں یعنی آپ کے پاس کوئی کالج یا سکلز ہیں تو پہلے کلائنٹ سے ہاتھ ملانے کے ساتھ ہی آپ کے کیریئر کا آغاز ہو جاتا ہے

فری لانسنگ کسی بھی وقت شروع کی جا سکتی ہے کیونکہ یہ شروع کرنا بہت آسان ہے آپ اپنے سوشل نیٹ ورک کو استعمال کرتے ہوئے آسانی سے کام کے لیے کلائنٹ تلاش کر سکتے ہیں اس میں زیادہ سرمایہ کاری کی ضرورت نہیں گاہکوں کو پیش کی جانے والی سروس کے ساتھ، آپ کے پاس اپنی سروس کی فراہمی کے لیے ضروری سامان ہونا چاہیے جس میں اچھا سمارٹ فون اور لیپ ٹاپ ان کے ساتھ

باب نمبر 3

# فری لانسنگ میں کچھ مسائل!

اچھا انٹرنیٹ کنکشن آپ مختلف پلیٹ فارمز مثلاً فیس بک، انسٹاگرام، ٹویٹر، گوگل، وغیرہ ان کے ذریعے اپنی سروس کو فروغ دے سکتے ہیں مارکیٹ میں اچھے فری لانسرز کی بہت زیادہ مانگ ہے مسابقتی مارکیٹ میں، قابل اعتماد اور معیاری فری لانسرز کی مانگ بڑھ رہی ہے، جس میں پاکستان 3 نمبر پر آچکا ہے فری لانسنگ میں نیز، بہت سے کاروبار عام ملازمین کی خدمات حاصل کرنے کے بجائے فری لانسرز کو اپنی افرادی قوت کے طور پر ترجیح دیتے ہیں فری لانسنگ اپنے کام کے اوقات اور کام کرنے کی جگہ کے انتخاب کی آسانی فراہم کرتی ہے

شروع میں آپ کو کسی بھی کلائنٹ کے لیے کام کرنا پڑ سکتا ہے جو آپ کا انتخاب کرتا ہے، لیکن جیسے جیسے تجربہ کار ہوتے جاتے ہیں، یہ آپ کی اپنی پسند ہوتی ہے کہ ان کلائنٹس کو منتخب کریں جن کے لیے آپ کام کرنا چاہتے ہیں، آپ کا آن لائن مارکیٹ میں اپنا ایک یونیک سٹائل بن جاتا ہے بطور فری لانسر، یہ آپ کی مرضی ہے کہ آپ اس منصوبے کو کیسے مکمل کریں

## فری لانسنگ میں کچھ مسائل!

فری لانسنگ کے اپنے نقصانات بھی ہیں فری لانسنگ بزنس قائم کرنے میں وقت لگتا ہے، انسان کو مستقل مزاج رہنا ہوتا ہے کافی کلائنٹس حاصل کرنا جو آپ کو اور آپ

کے خاندان کو سہارا دیتے اور ایک کاروبار کھڑا ہوتا ہے صرف چند دنوں کی بات نہیں ہے، فری لانسنگ روایتی دفتری ملازمتوں کی طرح نہیں ہے فری لانسرز کے ورک فلو میں بے قاعدگی ہو سکتی ہے، بعض اوقات کام کرنے کے لیے بہت سارے منصوبے ہوں گے جبکہ کچھ دن بغیر کسی ایک منصوبے کے گزر جائیں گے فری لانسرز کے لیے ایک سے زیادہ کلائنٹس اور پروجیکٹس کا انتظام کرنا کافی مشکل ہو سکتا ہے بہت سے لوگوں کے لیے ڈیڈ لائن پر نظر رکھنا اور اچھے معیار کا کام وقت پر پہنچانا آسان نہیں ہے، شروع میں تھوڑی محنت کی ضرورت ہوتی ہے بعد میں آپ آگے اور دنیا آپ کے پیچھے ہوتی ہے

باب نمبر 4

# پاکستان میں بیٹھے لوگ انٹرنیٹ کے ذریعے بیرون ممالک سے پیسے کس طرح کماتے ہیں!

پاکستان میں نوجوانوں کے لیے نوکریوں کی کمی کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، ایسے میں کئی لوگ انٹرنیٹ کی مدد سے ذریعہ معاش کے تبادلہ راستے اپنا رہے ہیں جو انٹرنیٹ کے ذریعے گھر بیٹھے ہزاروں ڈالرز ماہانہ کماتے ہیں وہ وقت اور جگہ کی قید سے آزاد ہوتے ہیں اور خود اپنی مرضی سے اپنے کام کا تعین کرتے ہیں یعنی وہ پاکستان میں رہتے ہوئے دنیا کے کسی بھی کونے میں موجود اپنے کلائنٹ کے لیے کام کر سکتے ہیں اور اس کے لیے انھیں کسی دفتر میں جانے کی ضرورت نہیں ہے انھیں گھنٹوں کے حساب سے پیسے ملتے ہیں اور وہ بھی امریکی ڈالرز میں، پاکستان میں لوگ انٹرنیٹ کے ذریعے پیسے کئی طریقوں سے کما سکتے ہیں، اس حوالے سے ایک طریقہ ای کامرس یعنی آن لائن کاروبار ہے جبکہ دوسرا طریقہ کونٹینٹ یعنی ایسا مواد لکھنا، تصاویر یا ویڈیوز بنانا جو لوگوں میں مقبولیت حاصل کر سکے، "جسے میں خود کر رہا ہوں" اسی طرح فری لانسنگ ایک تیسرا ذریعہ ہے جو پاکستان کے نوجوانوں میں تیزی سے پذیرائی حاصل کر رہا ہے میرے مطابق ایک اچھا انٹرنیٹ اور لیپ ٹاپ موجود ہو تو آپ کہیں سے بھی فری لانسنگ کر سکتے ہیں اور اپنا اچھا روزگار چلا سکتے ہیں

## فری لانسنگ میں کیا کیا کام کیا جا سکتا ہے!

ویسے تو فری لانسنگ میں آپ ہر ممکن (اور جائز) کام کر سکتے ہیں، تاہم اس شعبے میں تجربہ یہ ہے، اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ لکھنے میں اچھے ہیں تو کسی کی ویب سائٹ، بلاگ یا فیشن پر تحریر لکھ سکتے ہیں جو کے میرا اپنا ذاتی کام ہے، ایم ایس ورڈ یا آفس سے متعلق کوئی کام، بنیادی گرافک ڈیزائننگ یا سوشل میڈیا پوسٹ بنانے کا کام اور پھر لکھ کر اپنا مواد فروخت کرنا وغیرہ اس وقت فری لانسنگ میں کافی چل رہا ہے، اس وقت فری لانسنگ کی ڈیمانڈ جن شعبوں میں ہیں ان میں ڈیجیٹل مارکیٹنگ بھی ہے اس میں سوشل میڈیا مارکیٹنگ اور افیلیٹ مارکیٹنگ آجاتی ہیں۔

باب نمبر 5

# فری لانسرز کس طرح پیسے کماتے ہیں؟

اس کے علاوہ سافٹ ویئر اور ایپ بنانے کے کام کی پاکستان سمیت دنیا بھر میں کافی طلب ہے اور اسے پورا کرنے کے لیے نوجوان اس قسم کے ہنر سیکھ سکتے ہیں تاکہ مستقبل میں نوکریاں تلاش کرنے کے بجائے ان کے پاس ایک تبادلہ ذریعہ آمدن موجود ہو، پاکستان کے اندر مختلف ادارے یہ سب سکھاتے ہیں،

کمپیوٹرز کی مدد سے لوگ ایسی صلاحیتیں سیکھ سکتے ہیں جن کی بدولت اب یہ ضروری نہیں کہ وہ کسی ایک کمپنی یا ملک میں کام کریں ان چند سکلز (صلاحیتوں) میں گرافک ڈیزائن، ویب سائٹ بنانا، ایس ای او (سرچ انجن اوپٹیمائزیشن)، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، سوشل میڈیا، ای کامرس اور ای بکس، لکھنا شامل ہے، جیسا کہ آپ یہ جو میری کتاب پڑھ رہے ہیں یہ ایک ای بک ہے جسے میں لکھ کر مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر لوگوں کو فروخت کرتا ہوں، اس نوعیت کے بنیادی ہنر سیکھ کر انٹرنیٹ کے ذریعے پیسے کمائے جا سکتے ہیں کیونکہ فری لانسنگ کے لیے کچھ ایسی ویب سائٹس موجود ہیں جہاں آپ اپنا اکاؤنٹ بنا کر کام ڈھونڈ سکتے ہیں پاکستان میں اکثر فری لانسرز فائیور (Fiverr) اور اپ ورک (Upwork) سمیت ایسی کئی ویب سائٹس پر کام تلاش کرتے ہیں، یہاں اپنی پروفائل بنانے کے بعد لوگوں کی جانب سے فراہم کردہ ضروریات پر پورا اترنا ہوتا ہے کام مکمل ہونے پر یہ ویب سائٹس کام دینے والے سے

پیسے وصول کرتی ہے، اپنی کٹوتی کرتی ہے اور کام کرنے والے کو پیسے ادا کر دیتی ہے، لیکن بعض لوگ اعتماد بحال ہونے پر تیسرے فریق کو شامل نہ کرتے ہوئے باہمی سطح پر لین دین کر لیتے ہیں،

باب نمبر 6

# فری لانسنگ میں کتنے پیسے کمائے جا سکتے ہیں!

لوگ فری لانسنگ میں کتنے پیسے کما سکتے ہیں، اس حوالے سے میرا ماننا یہ ہے کہ اس کا انحصار ایک شخص کی صلاحیت، ہنر مندی، کام کی نوعیت اور وقت کے دورانے پر ہوتا ہے، جب کام کے عوض پیسے ڈالرز میں ملتے ہیں تو اس کی قدر کافی زیادہ ہوتی ہے، فری لانسنگ کا ایک فائدہ یہ ہے کہ آپ روپے میں نہیں بلکہ ڈالر میں پیسے کماتے ہیں جب لوگ باہر سے پیسے کماتے ہیں تو اس سے انفرادی اور ملکی فائدہ ہوتا ہے ہمارے ملک میں نوکریوں کی کمی ہے اور انٹرنیٹ پر فری لانسنگ کے ذریعے پیسے کمانے کا طریقہ ایک تبادلے کے طور پر نوجوانوں کے لیے موجود ہے، بعض لوگوں نے فری لانسنگ کی مدد سے اپنی خود کی کمپنیاں قائم کر لی ہیں، مختلف ویب سائٹس پر ایک کام کے لیے چند ڈالرز سے ریٹ بڑھتا بڑھتا ہزاروں ڈالرز تک بھی جا سکتا ہے

## لیکن کیا انٹرنیٹ پر پیسے کمانا اتنا ہی آسان ہے!

پاکستان سمیت کئی ممالک میں لوگ اپنی صلاحیتیں استعمال کر کے انٹرنیٹ پر پیسے کمانا چاہتے ہیں، لیکن یہ بہت مشکل ہے کہ کوئی شخص فوراً اس میں کامیاب ہو جائے، لیکن میں اپنی مسلسل محنت کے بعد آج انٹرنیٹ پر کامیاب ہوں، پاکستان میں ایسے باصلاحیت لوگ موجود ہیں جو یہاں بیٹھے بیٹھے اپنے ہنر اور کام سے باہر کی دنیا سے پیسے کما سکتے ہیں پاکستانی لوگ اپنے ملک کے علاوہ پوری دنیا کے فری لانسرز سے

مقابلہ کر رہے ہوتے ہیں، اس لیے ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ وقت پر معیاری کام کریں تاکہ اپنی اچھی پروفائل بنا سکیں، اچھے فری لانسر اندر صلاحیتیں ہونے کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ وہ سب سے منفرد کام پیش کریں اور وقت کی پابندی کریں، اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ انٹرنیٹ پر ان کی پروفائل مضبوط ہو جائے گی اور مختلف کلائنٹس ان سے بار بار کام لیں گے جو کہ پیسے کمانے کا ایک مستقل ذریعہ بن جائے گا

باب نمبر 7

# ادائیگیوں کے مسائل

دوسری طرف فری لانسرز کے مطابق پاکستان میں بیرون ممالک سے پیسوں کی ادائیگی کے بھی کچھ موجود مسائل ہیں کیونکہ پے پال کی سروس ملک میں تاحال متعارف نہیں کرائی گئی تاہم فری لانسرز پیسے وصول کرنے کے لیے اس کے متبادل طریقے استعمال کر رہے ہیں، اس وقت سب سے اہم مسئلہ ادائیگیوں کا ہے جن کا سامنا پاکستان میں فری لانسر کر رہے ہیں، اس کی کمی کو دور کرنے کے لیے ہمارے پاس کچھ متبادل بھی ہیں جن کے ذریعے آپ اپنی ادائیگیاں وصول کر سکتے ہیں، جس میں ویسٹرن یونین، پائیونیر وغیرہ شامل ہیں

اب ہم بات کریں گے کہ ہم انٹرنیٹ پر مختلف پلیٹ فارمز سے کیسے اور کن حربوں سے پیسے کما سکتے ہیں ! ! !

## 1 = آن لائن بیچیں

اس کے اندر افیلیٹ مارکیٹنگ اور سوشل میڈیا مارکیٹنگ وغیرہ شامل ہے اس میں ہم اہم کیٹیگریز پر بات کریں گے جن سے ہم بہت آسانی سے پیسے کما سکتے ہیں

جاری ہے۔۔۔۔۔

حصہ دوم

# افیلیٹ مارکیٹنگ

افیلیٹ مارکیٹنگ کیا ہے؟

افیلیٹ ویب سائٹس: ڈیجی سٹور، ای بے

کلک بینک اور ایمزون افیلیٹ

دراز افیلیٹ

باب نمبر 8

# افیلیٹ مارکیٹنگ کیا ہے، اور اس سے پیسے کیسے کمائے جاتے ہیں!

اگر آپ بغیر انویسٹمنٹ کے کام کرنا چاہتے ہیں، یا آپ آپ کے پاس خود کی بیچنے کے لئے کوئی پروڈکٹ نہیں ہے، تو آپ افیلیٹ مارکیٹنگ سے اچھے خاصے پیسے کما سکتے ہیں، افیلیٹ مارکیٹنگ ایک ایسا کام ہے جس کے اندر آپ کو وہ تو نہ ہی آن لائن سٹور بنانے کی ضرورت پڑتی ہے اور نہ لاکھوں روپے کی انویسٹمنٹ سے کوئی پروڈکٹ ہول سیل میں خریدنے کی ضرورت پڑتی ہے بس آپ غور اطمینان سے اس کو سمجھ لیں تو آپ اس مارکیٹنگ سے بہت فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، افیلیٹ مارکیٹنگ کے لئے آپ کسی بھی کمپنی کی پروڈکٹ کو مارکیٹنگ کے ذریعے بیچتے ہیں اور ہر پروڈکٹ کی سیل پر ایک مخصوص کمیشن آپ کو ملتا ہے دنیا میں سینکڑوں ایسی کمپنیاں ہیں جو لوگوں کو اپنی پروڈکٹ کی مشہوری اور فروخت پر کمیشن دیتی ہیں،

## افیلیٹ مارکیٹنگ کے 2 مختلف طریقے کار!

پہلا طریقہ ! یہ ہے کہ آپ کسی بھی کمپنی کے پروڈکٹ کو اپنی ویب سائٹ پیج یا سوشل میڈیا سرکل میں پھیلاتے ہیں، اور اسے فروخت کرواتے ہیں اور ہر ایک فروخت پر آپ کو ایک مخصوص کمیشن ملتا ہے اور اس طرح آپ بغیر انویسٹمنٹ کے پیسے کما لیتے ہیں، دوسرا طریقہ ! یہ ہوتا ہے کہ اکثر کمپنیاں آپ کو اس بات کے پیسے دیتی ہیں کہ آپ

ان کی ویب سائٹ پر ٹریفک لے کر آئیں یعنی وزٹر لے کر آئیں اس سسٹم کو پے پر کلک کہتے ہیں

باب نمبر 9

# کون سی ویب سائٹس آپ کو افلیٹ مارکیٹنگ کی پیش کش کرتی ہیں

ان میں سے آپ کسی کا بھی افلیٹ پروگرام جوائن کر سکتے ہیں، اب بات کر لیتے ہیں کون کون سی شاپنگ ویب سائٹس کے افلیٹس پروگرام جوائن کر کے اچھے پیسے کمائے جا سکتے ہیں، جن میں شامل ہیں، (ڈیجی سٹور digistore24، ایمزون amazon، ای بے ebay، کلک بینک clickbank)، یہ ویب سائٹس کافی اچھا سسٹم رکھتی ہیں افلیٹ مارکیٹنگ میں اور پیسہ بھی بہترین دیتی ہیں پاکستان میں بہت سارے لوگ یہاں سے پیسہ کما رہے ہیں

## 1- ڈیجی سٹور digistore24

یہ ایک بہت بڑا افلیٹ نیٹ ورک ہے یہاں پر آپ کو تمام قسم کی پروڈکٹ مل جاتی ہیں، آپ کسی بھی کیٹگری یا قسم کی چیز کو اپنی ویب سائٹ، پیج یا اپنے چینل یا سوشل میڈیا پر پروموٹ کر سکتے ہیں اور پیسہ کما سکتے ہیں یہ آپ کو اس حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کرتے ہیں کہ کونسی پروڈکٹ زیادہ سیل ہو رہی ہے اور کس پروڈکٹ پر زیادہ کمیشن مل رہا ہے آپ ان کی ویب سائٹ پر جا کر مزید دیکھ سکتے ہیں اور سمجھ بھی سکتے ہیں

## 2- ای بے ebay

ای بے بھی ایمزون کی طرح کی ای کامرس کمپنی ہے، یہ بھی ایک بہت بڑا آن لائن سٹور ہے اور آپ ان کے ساتھ بطور افلیٹ کام کر سکتے ہیں ان کی بہت اچھی آفرز ہیں آپ ان کی ویب سائٹ پر وزٹ کریں اور ان کے افلیٹ پروگرام جوائن کریں، اور فائدہ اٹھائیں

باب نمبر 10

# کلک بینک اور ایمزون

## 3- کلک بینک clickbank

کلک بینک خاص طور پر بنایا گیا ایک افلیٹ نیٹ ورک ہے، اور اس پر سینکڑوں کی تعداد میں مختلف پروڈکٹس موجود ہیں، آپ کسی بھی قسم کی پروڈکٹ کو بیچ سکتے ہیں ان کے لاکھوں کی تعداد میں کلائنٹس ہیں اور یہ بہت پرانا افلیٹ نیٹ ورک ہے تاہم ! یہ پاکستان کے لیے اپنی سروس نہیں دے رہے آپ پاکستان سے کلک بینک کا اکاؤنٹ نہیں بنا سکتے اس کے لیے آپ کو بیرون ملک کے ایڈریس سے اکاؤنٹ بنانا پڑے گا، پر اس میں بہت پیسہ ہے اگر آپ کا کوئی جاننے والا باہر رہتا ہے تو اس کی جوائننگ سے اکاؤنٹ بنا کر پاکستان سے رن کریں

## 4- ایمزون amazon

ایمزون ایک بہت بڑی ای کامرس کمپنی ہے اور اس پر روزانہ کروڑوں کی تعداد میں لوگ آتے ہیں، یہ بھی افلیٹ مارکیٹنگ کی سہولت مہیا کرتے ہیں، آپ کسی بھی قسم کی پروڈکٹ کا ریفرل لنک بنا کر اسے پروموٹ کر دیں اور اس پروڈکٹ کی فروخت پر آپ کو ایک اچھا کمیشن ملے گا، میں مزید کھل کر اس پر بات کرتا ہوں، اس وقت لوگوں کا سب سے زیادہ جس ویب سائٹ پر اعتبار ہے اور لوگ جس سے سب سے زیادہ پیسے کما رہے ہیں اور جس کا افلیٹ پروگرام زیادہ مقبول ہے وہ ایمزون کا افلیٹ

پروگرام ہے لوگ اس سے ہر ماہ لاکھوں روپے کما رہے ہیں کچھ لوگوں نے تو ایمزون افلیٹ کی باقاعدہ ویب سائٹس بنا رکھی ہیں اور ان سے اچھے خاصے پیسے کما رہے ہیں، لوگوں میں ایمزون کا افلیٹ پروگرام مشہور ہونے کی بھی کئی وجوہات ہیں ان میں سے ایک تو یہ ہے ان کا افلیٹ لنک چوبیس گھنٹے تک کام کرتا ہے مطلب چوبیس گھنٹے کے اندر کسی نے آپ کے افلیٹ لنک سے کچھ خریدا تو آپ کو کمیشن مل جائے گا،

باب نمبر 11

# دراز افلیٹ daraz affiliate

دراز پاکستان کی بہت بڑی کمپنی ہے، اور اس نے بھی آج کل اپنا افلیٹ پروگرام شروع کر دیا ہے، آپ کو اس کا اکاؤنٹ بنانے کے لیے دراز کی ویب سائٹ پر جانا پڑے گا اور وہاں سے آپ افلیٹ پروگرام کے لیے اپلائی کر سکتے ہیں اس پروگرام کے لیے آپ کے پاس اپنی ویب سائٹ کا ہونا ضروری ہے، کیونکہ اپلائی کرتے ہی آپ سے ویب سائٹ اور اس پر آنے والی روزانہ کی ٹریفک کے متعلق پوچھا جاتا ہے

یہاں میں آپ لوگوں کو یہ بھی بتاتا چلوں کے ہم فیس بک پر اور گوگل پر بہت سی ویب سائٹس پر جا کر مختلف معلومات اور نیوز آرٹیکلز وغیرہ پڑھتے ہیں آپ نے کبھی غور کیا ہو گا وہاں پر ویب سائٹس پر اشتہارات چل رہے ہوتے ہیں جن پر کلک کرنے سے ہمیں وہ مختلف ویبسائٹ پر لے جاتے ہیں، یہ اشتہارات افلیٹ لنک سے بنائے گئے ہوتے ہیں اور یہ افلیٹ مارکیٹنگ میں آتے ہیں اور جس ویب سائٹ پر لگے ہوتے ہیں اس کا مالک اس کے ذریعے کمیشن کما رہا ہوتا امید ہے کے آپ افلیٹ مارکیٹنگ کے متعلق سمجھ چکے ہوں گے کے یہ کیا ہے اور کیسے کام کرتی ہے ! اگر پھر بھی آپ لوگوں کو سمجھ نہیں آئی اور آپ اس کو سیکھنا چاہتے ہیں اور اس کاروبار سے پیسہ کمانا چاہتے ہیں، تو میرے ساتھ واٹس ایپ پر مشاورت کر سکتے ہیں، میں ایک معقول فیس لینے کے بعد آپ کو یہ کورس سکھا دوں گا، انشاءاللہ

حصہ سوم

# کونٹینٹ رائٹنگ

کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے؟
کونٹینٹ رائٹر کیسے بنیں؟
کونٹینٹ رائٹنگ کی بنیادی ضروریات
کونٹینٹ رائٹنگ کیسے کریں؟

باب نمبر 12

# کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے! اور ایک کامیاب لکھاری کیسے بنیں!

کونٹینٹ رائٹنگ، یعنی مواد لکھنا جس میں مختلف ٹاپکس شامل ہوتے ہیں، جیسا کہ کہانیاں ناول، سائنسی معلومات، حقائق، مضامین، نیوز وغیرہ، اور میں یہاں پر یہ بھی بتاتا چلوں انٹرنیٹ پر میرا سب سے پسندیدہ کاروبار یہی ہے اور میں اس کی بدولت کافی اچھی کمائی کرتا ہوں، بہت سارے یوٹیوب چینلز اور بہت سی ویب سائٹس مجھ سے "جرنل نالج حقائق" پر مواد لکھواتے ہیں اور فیس بک پر میں اپنا ایک پیج بھی چلا رہا ہوں FactLab Urdu شاید آپ اس پیج سے بخوبی واقف ہیں اس پیج پر میں "سائنس انفارمیشن حقائق" پر مواد لکھ کر پوسٹ کرتا ہوں جسے بہت سارے لوگ پسند کرتے ہیں اور میری پیج کمیونٹی کا حصہ بن رہے ہیں، اور مجھے اس پیج کے ذریعے کسٹمرز بھی ملتے ہیں جو مجھ سے مواد لکھواتے ہیں، کامیاب لکھاری وہی ہوتا ہے جو ریسرچ پر فوکس کرتا ہے، آپ اپنا فیس بک پیج یا پھر بلاگ بنا کر لکھ سکتے ہیں جس سے آپ بہت اچھا پیسہ کما سکتے ہیں۔

اس کے لیے سب سے اہم اور ضروری یہ ہے کہ آپ اپنی ریسرچ پر کام کریں اپنا مواد لکھیں آپکی اپنی ایک پہچان ہو انداز ہو پھر آپ جلد ہی کامیاب ہوں گے۔

باب نمبر 13

# کونٹینٹ رائٹر کیسے بنیں!

آج ہم آپ کو وہ تمام چیزیں بتائیں گے کہ کونٹینٹ رائٹر کیسے بنتے ہیں اور کونٹینٹ رائٹنگ کر کے کیسے پیسے کمائے جاتے ہیں، ایسی لکھت جس میں کونٹینٹ کے بارے میں بتایا گیا ہو اُسے ہم کونٹینٹ رائٹنگ کہتے ہیں، آسان لفظوں میں کونٹینٹ رائٹر ایک لکھاری کو کہتے ہیں جو کسی بھی چیز پر تحریر لکھتے ہیں، اس میں کہانیاں نیوز، عجیب و غریب معلومات یہ سب میں اوپر بھی بتا چکا ہوں، کسی چیز کا جائزہ لینا، یا کسی چیز پر تبصرہ کرنا بھی لکھے جا سکتے ہیں، کونٹینٹ رائٹنگ کا مطلب صرف تحریر لکھنا ہی نہیں ہوتا بلکہ یہ کتنا اہم اور مفید ہے اور اُس میں بتائی گئی معلومات درست ہیں یا نہیں یہ سب سے اہم ہوتا ہے کونٹینٹ رائٹر اپنے الفاظ کا استعمال کر کے اپنے کونٹینٹ کو بہترین بناتا ہے، کسی خاص لفظ کے ذریعے یہ کونٹینٹ تلاش کیا جاتا ہے اگر آپ ایک اچھے کونٹینٹ رائٹر بننا چاہتے ہیں تو کونٹینٹ رائٹنگ کی نوکری بھی کر سکتے ہیں، آج کے دور میں کونٹینٹ رائٹنگ نوکری بھی کی جا رہی ہیں، بہت سے کونٹینٹ رائٹر گھر بیٹھے ہی اچھے پیسے کما رہے ہیں اور اب تو ایسی بہت سی کمپنیاں ہیں جو کونٹینٹ رائٹر کی خدمات حاصل کر رہی ہیں تو کونٹینٹ رائٹنگ کرنے کے بہت سے طریقے ہیں

کونٹینٹ رائٹر بننا اتنا آسان نہیں ہوتا اور اتنا مشکل بھی نہیں ہے، اس کے لیے آپ کے پاس خاص قابلیت ہونا ضروری ہیں، تو آئیے آپ کو اُن چند قابلیتوں کے بارے

میں بتاتے ہیں، زبان کے علم کے ساتھ آپ کو کمپیوٹر کی بھی اچھی معلومات ہونی چاہیے، آج کل بہت سے لوگ موبائل کے ذریعے بھی رائٹنگ کر کے بہت اچھا کما رہے ہیں، خیر! آپ چاہے تو کونٹینٹ رائٹنگ کورس بھی کر سکتے ہیں، جس میں آپ اردو اور انگلش ٹائپنگ سیکھ سکتے ہیں اور مواد تلاش کرنے کے طریقے جس چیز اور مواد میں آپ اپنی پسندیدگی رکھتے ہیں

باب نمبر 14

# کونٹینٹ رائٹنگ کی اہم اور بنیادی ضروریات کیا ہیں!

اگر کورس نہیں کرنا چاہتے آپ کو ان سب چیزوں میں نہیں پڑنا بس آپ کو لکھنے میں دلچسپی ہے اور آپ لکھنا چاہتے ہیں تو آپ خود سے لکھ سکتے ہیں، اپنے موبائل کے ذریعے بغیر کسی کورس کے اور جس بھی چیز میں آپ کو دلچسپی ہے آپ اس پر اپنا بلاگ یا اپنا پیج بنا کر لکھ سکتے ہیں روزانہ پوسٹ کر سکتے ہیں تاکہ لوگ آپ کی طرف متوجہ ہوں یا دوسرے بلاگز پر گیسٹ پوسٹ کر سکتے ہیں،

## کونٹینٹ رائٹنگ کی اہم اور بنیادی ضروریات کیا ہیں!

لکھنے کی عادت ! ! اگر آپ کو لکھنے کی عادت ہیں اور آپ کو یہ کام اچھا لگتا ہیں تو آپ خوبصورتی سے لکھ پائیں گے،

پڑھنے کی عادت ! ! کونٹینٹ رائٹنگ کرنے کے لیے پڑھنا بھی ضروری ہے، تاکہ جو دوسرے رائٹر لکھ رہے ہیں اُن سے بھی ہم نیا سیکھ کر اپنی رائٹنگ میں لاگو کریں،

لفظوں کی سمجھ ! ! کونٹینٹ رائٹنگ کرنے کے لیے سب سے زیادہ ضروری ہے لفظوں کی سہی سمجھ کیوں کہ اگر ہم سہی الفاظ کا ہی چناؤ نہیں کریں گے تو ہو سکتا ہیں

جو ہم لکھ کر سمجھانا چاہ رہے وہ سامنے والے کو سمجھ ہی نہ آئے اور ہمارا لکھنا بیکار چلا جائے گا

لکھنے کا درست طریقہ ! ! لکھنے کا درست طریقہ بھی ہونا بہت ضروری ہے، نہیں تو کوئی بھی بندہ ہو وہ بورنگ چیز یا جو اُس کو سمجھ نہیں آرہا وہ چیز پڑھنا پسند نہیں کرتا

زبان کی سہی سمجھ ! ! آپ اردو میں لکھ رہے ہو یا انگریزی میں یا کسی اور زبان میں آپ کو اُس زبان کی سہی سمجھ ہونا بہت ضروری ہے جب ہی آپ اُس میں ٹھیک سے لکھ پائیں گے

باب نمبر 15

# کونٹینٹ رائٹنگ کیسے کریں!

کونٹینٹ رائٹنگ ایسی ہو کہ جس بارے میں آپ نے لکھا ہے اُس کے پڑھنے والے کو اُس کی ضروری اور درست معلومات ملنی چاہیے اور پڑھنے والے آپ کے آنے والی تحریر کو پڑھنے کے لیے بے چین رہیں، یہ کچھ اہم پوائنٹس ہیں جو آپ کو دھیان میں رکھنا ہیں کونٹینٹ رائٹنگ کرتے وقت،

اپنے پڑھنے والوں کو پہچانیں ! ! کچھ بھی لکھنے سے پہلے آپ کو یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ آپ جو بھی لکھ ر

# کتاب کا خلاصہ

آن لائن کاروبار ایک ایسی رہنما کتاب ہے جس میں انٹرنیٹ کے ذریعے آمدن حاصل کرنے کے مختلف طریقوں کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔

اس کتاب میں قارئین کو فری لانسنگ، افیلیٹ مارکیٹنگ، کونٹینٹ رائٹنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور ای کامرس جیسے شعبوں کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

اس کا بنیادی مقصد نوجوانوں اور نئے سیکھنے والوں کو ڈیجیٹل دنیا میں موجود مواقع سے روشناس کرانا اور انہیں اپنی مہارتوں کو بہتر بنانے کی ترغیب دینا ہے۔

یاد رکھیے: سیکھنے کا عمل جاری رکھیں، محنت کریں اور اپنے مقصد پر توجہ رکھیں۔

# مصنف کا تعارف

عاصم سفیر کا تعلق آزاد کشمیر، ضلع مظفر آباد سے ہے۔ وہ ڈیجیٹل دنیا، آن لائن کاروبار، فری لانسنگ اور کونٹینٹ رائٹنگ میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

گزشتہ پانچ سال سے انٹرنیٹ پر کام کرنے کے تجربے کی بنیاد پر انہوں نے یہ کتاب تحریر کی ہے تاکہ نئے لوگوں تک آن لائن کاروبار سے متعلق بنیادی اور عملی معلومات پہنچائی جا سکے۔

ان کا مقصد نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتیں سیکھنے اور اپنے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی ترغیب دینا ہے۔

# رابطہ کی تفصیل

| | |
|---|---|
| ویب سائٹ | asimdigitalhub.com |
| سپورٹ ای میل | support@asimdigitalhub.com |
| واٹس ایپ | 0340 8426817 |
| انسٹاگرام | @asimdigital.hub |
| ٹک ٹاک | @asimdigitalhub.com |
| یوٹیوب | @asimdigitalhub |
| لنکڈ اِن | Asim Safeer |
| فائیور | asimdigitalhub1 |

asimdigitalhub.com

عاصم سفیر — جملہ حقوق محفوظ ہیں 2026 ©